# Prime Minister's meeting with the Prime Minister of Italy on the sidelines of G-20 Summit in Bali

## وزیر اعظم نے بالی میں منعقدہ جی -20 سربراہ اجلاس کے شانہ بہ شانہ اٹلی کی وزیر اعظم سے ملاقات کی

نومبر 16 2022

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج بالی میں منعقدہ جی-20 سربراہ ملاقات کے شانہ بہ شانہ اٹلی کی وزیر اعظم عزت مآب محترمہ جورجا ملونی سے ملاقات کی۔

2.وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے وزیر اعظم محترمہ ملونی کو اٹلی کی اولین خاتون وزیر اعظم منتخب کیے جانے پر مبارکباد پیش کی۔ دونوں قائدین نے کاروبار اور سرمایہ کاری، دہشت گردی کے خلاف کاروائی اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات کو عمیق بنانے پر تبادلہ خیالات کیے۔

3.دونوں قائدین نے باہمی مفادات سے وابستہ علاقائی اور عالمی مسائل پر نظریات کا باہم تبادلہ بھی کیا۔

4.وزیر اعظم مودی بھارت-اٹلی کے درمیان استوار سفارتی تعلقات کے 75 برسوں کا جشن منانے اور آئندہ برس بھارت میں منعقد ہونے والے جی-20 سربراہ اجلاس کے لیے وزیر اعظم ملونی کا بھارت میں خیرمقدم کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔

بالی
نومبر 16 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.